# 23-05-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں روحانی مرکز قائم کرنے کیلئے حکومت کی جانب سے خصوصی فنڈ جاری کیا جائے گا، انہوں نے آج حیدرآباد میں منعقدہ بدھا پورنیا خصوصی تقاریب میں شرکت کی۔

☆ مرکزی وزیر و بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے الزام عائد کیا ہے کہ ریاست میں اس وقت مخالف عوام حکومت جاری ہے۔

☆ تلنگانہ میں انٹرمیڈیٹ ایڈوانسڈ سپلیمنٹری امتحانات کا کل جمعہ سے آغاز ہوگا جبکہ پالی سیٹ انٹرنس ٹسٹ بھی کل سے شروع ہوگا۔

اور

☆ تلنگانہ میں مختلف مقامات پر ہفتہ سے اعظم ترین درجہ حرارت پینتالیس ڈگری سلسیس سے زائد ہوسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

آندھراپردیش کے چیف الکٹورل آفیسر (CEO) مکیش کمار مینا نے ریاست کے تمام اضلاع کے الیکشن آفیسرس کو ہدایت دی ہے کہ چار جون کو منعقد ہونے والی ووٹوں کی گنتی کے لئے ٹھوس انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔ سی ای او نے ریاستی سکریٹریٹ سے تمام انتخابی عہدیداروں کے ساتھ آج ایک ویڈیو کانفرنس منعقد کی اور ووٹوں کی گنتی کیلئے جاری انتظامات کا جائزہ لیا۔ کانفرنس کے دوران سی ای او نے کہا کہ تمام انتظامات کو منصوبہ بند طریقہ سے کیا جانا چاہئے تاکہ الیکشن کمیشن آف انڈیا کے رہنمایانہ خطوط کے مطابق نتائج کا بروقت اعلان کیا جاسکے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم و سینئر بی جے پی لیڈر نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک بھر کے عوام جانتے ہیں کہ یہ اہم انتخابات ہیں جن سے ہم ملک کی خواہشات کے مطابق ویکست بھارت کو تیزی سے یقینی بنائیں گے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ان انتخابات میں مخالف رشوت ووٹران کے ساتھ ہیں اور اس سے رائے دہندہ کو ہی فائدہ ہوگا۔ مودی کے مطابق اس کے علاوہ سماج کا ایک بڑا طبقہ جو ملک کی تیزی سے ترقی کا خواہاں ہے، بی جے پی اور ان کی ٹھوس حمایت کررہا ہے۔ مودی نے مزید کہا کہ ہندوستان حالیہ برسوں میں بالخصوص کوویڈ کی وباء کے بعد تیزی سے ترقی کرتی بڑی معیشت بن کر ابھرا ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ میں جائیدادوں کا کاروبار کرنے والے افراد نے ریاستی حکومت پر زور دیا ہے کہ اراضیات کی قیمت میں اضافہ اور اسٹامپ ڈیوٹی کی فیس سے متعلق اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کی جائے۔ ریئل اسٹیٹ اسوسی ایشنوں نے انتخابی ضابطہ اخلاق کے ختم ہونے کے بعد حکومت سے ملاقات کا منصوبہ بنایا ہے۔ انہوں نے زور دیا ہے کہ اراضیات کی قیمتوں میں اضافہ کیلئے یہ صحیح وقت نہیں ہے۔ ریئل اسٹیٹ کے تاجروں نے یہ بات بھی یاد دلائی کہ پچھلی مرتبہ جب اراضیات کی قیمتوں اور رجسٹریشن فیس میں اضافہ کیا گیا تھا تب اس کے منفی اثرات پڑے تھے۔ ریئل اسٹیٹ کی سرگرمیوں میں شامل افراد پر مختلف ٹیکس اور شرحیں پہلے سے ہی عائد ہیں لہذا مزید اضافہ سے کم آمدنی والے اور درمیانی آمدنی کے حامل افراد کے لئے صورتحال ناقابل دسترس ہوجائے گی۔ حال ہی میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی تھی کہ دیگر ریاستوں میں بازاری قیمتوں اور اسٹامپ ڈیوٹی کی شرحوں کا تقابل کیا جائے اور جائزہ لیا جائے۔

☆☆☆☆☆

لوک سبھا انتخابات کے تحت چھٹے مرحلہ کیلئے انتخابی مہم آج شام ختم ہوگئی۔ اس مرحلہ کے تحت 8 ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں میں 58 نشستوں کیلئے اتوار 25 مئی کو رائے دہی ہوگی۔ جملہ 7 کے منجملہ 5 مرحلوں کی ووٹنگ مکمل ہوچکی ہے جبکہ ساتویں و آخری مرحلہ کے تحت رائے دہی یکم جون کو ہوگی اور چار جون کو ووٹوں کی گنتی عمل میں آئے گی۔ تلنگانہ اور آندھراپردیش میں چوتھے مرحلہ کے تحت اس ماہ کی 13 تاریخ کو ووٹنگ ہوئی تھی۔

☆☆☆☆☆

آج بدھا پورنیما جوش وخروش سے منائی گئی۔ ریاست بھر میں مختلف پروگرام منعقد کیے گئے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سکندرآباد کے مہابدھا وہار میں منعقدہ ایک پروگرام میں شرکت کی۔ انہوں نے اس موقع پر بدھا کی زندگی کو یاد کیا اور نروان کے علاوہ ان کی تعلیمات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاستی حکومت روحانی مرکز قائم کرنے کیلئے خصوصی فنڈ جاری کرے گی۔ ان کے مطابق ملک کو بدھا کے پیغام پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ ناگرجنا ساگر میں واقع بدھاورم میں خصوصی پروگرام منعقد کئے گئے۔ ریاستی ٹورزم ڈیولپمنٹ کارپوریشن محکمہ کے مینجنگ ڈائرکٹر رمیش نائیڈو نے بدھا کو خراج پیش کیا۔ انہوں نے اس موقع پر دیگر تحقیق کاروں کے ہمراہ بدھا کی زندگی اور تعلیمات پر مشتمل مختلف کتابوں کا رسم اجراء انجام دیا۔ حسین ساگر جھیل میں واقع مجسمہ بدھا کے پاس خصوصی دعائیہ پروگرام کا اہتمام کیا گیا جس میں مختلف عوامی نمائندوں اور محکمہ سیاحت کے سینئر عہدیداروں نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

نیشنل ڈیام سیفٹی اتھارٹی کمیٹی کی سفارشات کے مطابق محکمہ آبپاشی نے میدی گدا کے علاوہ انارم اور سوندیلا ڈیاموں کے لئے مانسون سے پہلے حفاظتی اقدامات شروع کردیئے ہیں۔ متعلقہ بیاریجس کی تعمیراتی کمپنیوں نے اس سلسلے میں پہلے ہی کاموں کی منصوبہ بندی شروع کردی ہے۔ ان کاموں کے تحت میداگدا میں ان مقامات کی مرمت کی جارہی ہے جہاں نقصان پہنچا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکز نے راما گنڈم پداپلی اضلاع اور ضلع کتہ گوڑم میں منوگور کے مقام کے درمیان ایک خصوصی کول ٹرانسپورٹ کاریڈور قائم کرنے کیلئے اعلامیہ جاری کیا ہے۔ یہ کاریڈور سنگاریڈی کانوں سے مربوط رہے گا۔ وزارت ریلوے نے ساوتھ سنٹرل ریلوے کے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ فوری طور پر اضلااع بھوپال پلی، پداپلی ،ملوگو اور کتہ گوڑم میں اراضیات حاصل کی جائیں۔ مذکورہ کاریڈور 207.80 کیلومیٹر پر محیط رہے گا۔ مذکورہ اضلا میں سنگارینی کی چھ کانوں میں سالانہ زائد از 65 ملین ٹن کوئلے کی پیداوار ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆

عادل آباد کے ضلع کلکٹر راج رشی شاہ نے کہا ہے کہ اگر کسانوں کو نقلی بیج فروخت کئے جائیں گے تب خاطیوں کے خلاف کیس درج کیا جائے گا اور کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے ٹاسک فورس کی ٹیموں سے کہا ہے کہ محکمہ زراعت اور دیگر محکموں کے عملہ پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی جائے تاکہ نقلی بیجوں میں ملوث افراد پر نظر رکھی جاسکے۔

☆☆☆☆☆

ضلع کاماریڈی میں بانسواڑہ میونسپل کمشنر علیم کو عہدیداروں کی جانب سے معطل کردیا گیا ہے۔ اس سے پہلے علیم ضلع نرمل کے بھینسہ بلدی کمشنر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ ان پر الزام عائد کیا گیا ہے کہ انہوں نے قواعد کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بعض غیر قانونی تقررات کئے۔ اس معاملہ کی تحقیقات کے بعد ان کی معطلی کے احکام جاری کئے گئے۔

☆☆☆☆☆

سابق وزیر و بی آر ایس کے سینئر لیڈر ہریش راؤ نے ضلع بھوپال پلی کے منڈل بھوپالا پلی کے موضع کملاپور میں واقع ایک خریدی مرکز پر بھیگی ہوئی دھان کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ہریش راؤ نے کہا کہ غیر موسمی بارش کی بناء پر مختلف مواضعات میں دھان بھیگ گئی ہے۔ انہوں نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر اقدامات کرتے ہوئے بھیگی دھان کو خریدا جائے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے وزیر برائے عمارت وشوارع کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے آج دعویٰ کیا ہے کہ پانچ جون کے بعد بی آر ایس کا خاتمہ ہوجائے گا۔ لوک سبھا انتخابات میں بی آر ایس کی بدترین شکست کی پیش گوئی کرتے ہوئے وزیر نے ریمارک کیا کہ نتائج کے اعلان کے بعد بی آر ایس پارٹی، میدی گدا بیاریج کی طرح ڈھے جائے گی۔ بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا کی دہلی شراب معاملہ میں گرفتاری کا حوالہ دیتے ہوئے وینکٹ ریڈی نے کہا کہ کویتا کے خلاف آٹھ ہزار صفحات پر مشتمل چارج شیٹ داخل کی گئی ہے۔

مرکزی وزیر بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے آج کہا ہے کہ ریاست میں اس وقت مخالف عوام حکومت ہے۔ایم ایل سی ضمنی انتخاب کی مہم میں حصہ لینے کیلئے کھمم روانہ ہونے کے دوران میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے انتخابات سے قبل مختلف وعدے کرتے ہوئے عوام کو دھوکہ دیا ہے۔اس بات کا اظہار کرتے ہوئے کہ مرکز ہرطرح کی دھان خریدنے کیلئے تیار ہے، کشن ریڈی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ فوری دھان خریدی جائے اور ہر طرح کی دھان پر پانچ سو روپئے بونس دیا جائے۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ بی آر ایس کے دس سال اور کانگریس کی چھ ماہ پر مشتمل حکمرانی کے سبب ریاست کی مالی حالت ابتر ہوگئی ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ انٹرمیڈیٹ اڈوانس سپلیمنٹری امتحانات کا کل جمعہ سے آغاز ہوگا۔امتحانات کے پرامن انعقاد کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔سال اول کے امتحانات صبح نو بجے سے بارہ بجے دن تک ہوں گے جبکہ سال دوم کے امتحانات کے اوقات ساڑھے بارہ بجے دوپہر تا دوپہر ساڑھے پانچ بجے شام ہوں گے۔ پریکٹیکل امتحانات کا آغاز چار جون سے ہوگا۔اسی دوران پالی سیٹ انٹرنس امتحانات بھی تلنگانہ بھر میں کل ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

پالی سیٹ کیلئے جو ریاست بھر میں 250 مراکز پر منعقد ہوگا، جملہ 92 ہزار 808 طلبہ نے نام درج کرائے ہیں۔امتحان کے اوقات گیارہ بجے صبح تا ڈیڑھ بجے دن ہوں گے جبکہ امتحان شروع ہونے سے ایک گھنٹہ قبل امتحانی ہال میں داخلہ ضروری ہوگا۔گیارہ بجے کے بعد امتحانی ہال میں داخلہ کی اجازت نہیں رہے گی۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد کے موسمیات کے مرکز نے کہا ہے کہ پرسوں یعنی ہفتہ سے دن کے درجہ حرارت میں اضافہ ہوگا۔محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے بتایا کہ آئندہ دو دن کے دوران مختلف اضلاع میں کہیں کہیں ہلکی تا اوسط بارش کے علاوہ بوندا باندی اور بجلیاں چمکنے کا قوی امکان ہے۔اسی دوران مغربی مرکزی خلیج بنگال میں ہوا کے دباؤ میں کمی واقع ہوئی ہے جو ہفتہ تک طوفان میں بدل سکتی ہے جس کے نتیجہ میں اتوار تک مغربی بنگال کے قریب ساحل سے طوفان کے گذرنے کا امکان ہے۔اس کے علاوہ محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے یہ بھی بتایا کہ آنے والے ہفتہ سے ریاست کے بیشتر مقامات پر اعظم ترین درجہ حرارت پینتالیس ڈگری سلسیس سے زائد رہ سکتا ہے۔

☆☆☆☆☆